دہلی پبلک اسکول، سرینگر

مضمون: اُردو　　　　جماعت: پنجم

موضوع: مُحاورات معانی جملے

مُحاورات (Idioms) اُردو زبان میں وہ کلمے یا کلام کہلاتے ہیں جنھیں اہلِ زبان نے لغوی معانی کی مُناسبت یا غیر مُناسبت سے کسی خاص مفہوم کے لئے مخصوص کرلیا ہو۔ مُحاورات کی مدد سے ہماری زبان میں اختصار آ جاتا ہے۔ باہمی گفتگو میں ہم مُحاورات سے حقیقی معنی کے بجائے مجازی معنی مُراد لیتے ہیں۔

تفصیل:

مُحاورات (Idioms) وہ کلمے یا جملے ہوتے ہیں جنھیں اُردو زبان میں اصلی معانی کے بجائے رسمی یا بنے بنائے معانی کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔ مُحاورات ہماری زبان کا ایک اہم حصّہ ہیں ان کی مدد سے ہماری زبان میں اختصار اور تاکید آجاتی ہے۔ مُحاورات کی مدد سے ہمارا بیان گہرا بن جاتا ہے۔ جیسے: ''احمد چالاک ہے'' اگر اِسی بات کو مُحاورے کی صورت میں کہا جائے تو ''احمد آتش کا پرکالہ ہے'' بن جائے گا۔ اِسی طرح اہلِ زبان نے بے شُمار مُحاورات بنائے ہیں جو ہماری روزمرہ کی گفتگو کا ایک اہم اور ضروری حصّہ بنے ہوے ہیں۔ اُردو زبان کے چند عام اور مشہور مُحاورات اُن کے معانی اور جملوں میں اُن کا استعمال:

مُحاورات	معانی	جملے
۱۔ اللہ اللہ	کیا خُوب یا عجیب ہے۔	اللہ اللہ کیا خوبصورت باغ ہے۔
۲۔ آب آب ہونا	شرمندہ ہونا	احمد کی چوری پکڑی گئی وہ آب آب ہوگیا۔

مُحاورات	معانی	جملے
۳۔آتش کا پرکالہ	چالاک	حاذِق آتش کا پرکالہ ہے۔
۴۔آسمان سر پر اُٹھانا	شور مچانا	بچّے آسمان سر پر اُٹھالیتے ہیں۔
۵۔باغ باغ ہونا	بہت خوش ہونا	کامیابی کی خبر سُن کر سحر باغ باغ ہوگی۔
۶۔پانی پانی ہونا	شرمندہ ہونا	احتشام کا راز فاش ہوا تو وہ شرم سے پانی پانی ہوگیا۔

سوال: درج ذیل مُحاورات اور ان کے معانی بغور پڑھئے اور ان کو جملوں میں استعمال کیجئے۔

مُحاورات	معانی	جملے
۱۔آڑے ہاتھوں لینا	ڈانٹنا، کوسنا	------------------------------
		------------------------------
۲۔آج کل کرنا	وعدہ خلافی کرنا،	------------------------------
	ٹال مٹول کرنا	------------------------------
۳۔بات کُھلنا	راز معلوم ہونا	------------------------------

۴پہاڑ ٹُوٹ پڑنا	مُصیبت کا نازل ہونا	------------------------------
		------------------------------
۵۔تارے توڑنا	انوکھا کام کرنا	------------------------------

نوٹ: درج بالا تمام مُحاورات ان کے معانی اور جملوں کو خوشخطی میں لکھئے اور زبانی یاد کیجئے۔